# BOARD QUESTION PAPER-2019

سوال۔1 صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔

۱۔ فارسی شعروادب کو سرپرستی حاصل تھی۔

(a) مراٹھوں کی　　(b) آریوں کی

(c) مغلوں کی　　(d) راجپوتوں کی

۲۔ خسرو سے ولی تک اردو ادب میں رجحان تھے۔

(a) ہند آریائی　　(b) دراوڑی

(c) ترکی　　(d) ایرانی

۳۔ بیویاں پابندی لگانا چاہتی تھیں۔

(a) سسر کے کھانے پینے پر　　(b) سسر کے آنے جانے پر

(c) سسر کے لکڑی کے خرچ پر اور میل جول پر　　(d) سسر کے رشتہ داروں پر

۴۔ سن 1968ء میں فراق کو ایوارڈ ملا:

(a) گیان پیٹھ　　(b) پدم شری

c) پدم بھوشن　　　d) وبھوشن

۵۔ شفا گوالیاری 1947ء کے انقلاب میں ہجرت کر کے آ گئے۔

a) بھوپال　　　b) گوالیار

c) فرخ آباد　　　d) الہ آباد

**جواب** (۱) مغلوں کی (۲) ہند آریائی (۳) سسر کے لکڑی کے خرچ اور میل جول پر (۴) پدم بھوشن (۵) بھوپال

سوال۔2 درج ذیل سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھئے۔ 5

۱۔ گوہ کی لمبائی کتنی ہوتی ہے؟

۲۔ بیٹی نے کتنے سال بعد اپنے باپ کو دیکھا تھا؟

۳۔ مصنف کے ساتھی کس چیز سے ڈرتے تھے؟

۴۔ حکیم اجمل خاں کب پیدا ہوئے؟

۵۔ شاعر کس طرح کی زندگی چاہتا ہے؟

**جواب** (۱) ایک فٹ (۲) سولہ سال بعد (۳) امتحان کے نام سے (۴) 1864ء میں (۵) بے لوث زندگی

سوال۔3 درج ذیل خالی جگہوں کو دیے گئے الفاظ کی مدد سے پر کیجئے۔ 5

چمن ، شام ، نوکرانیاں ، جبیں ، لٹا

۱۔ جو انسانیت کی ............... جگمگائے۔

۲۔ صحرا مجھے ............... ہے رفاقت میں آپ کی۔

۳۔ ظلمت موتی ............... رہی تھی۔

۴۔ مالک مکان سے زیادہ پرشوکت ............... تھیں۔

۵۔ صبح ہوتی ہے ............... ہوتی ہے عمر یوں ہی تمام ہوتی ہے۔

**جواب** (۱) جبیں (۲) چمن (۳) لٹا (۴) نوکرانیاں (۵) شام

سوال۔4 درج ذیل جملے صحیح (✓) ہیں یا غلط (x) نشاندہی کیجئے۔ 5

۱۔ بودھ راج ایک سیدھا سادا لڑکا تھا۔ (　)

۲۔ پاپا نے ہندوستان جانے کا فیصلہ کر لیا تھا۔ (　)

۳۔ دنیا کی کم زبانیں ایسی ملیں گی جن کی تہذیبی آبادی اتنی کثیر اللسان ہوں۔ (　)

۴۔ رام داس کے چار بیٹے تھے۔ (　)

۵۔ آدی واسیوں کا گاؤں نہر کے کنارے آباد تھا۔ (   )

جواب: (۱) × (۲) × (۳) ✓ (۴) ✓ (۵) ×

سوال۔5 درج ذیل کی صحیح جوڑی بنا کر لکھئے۔ 5

| (الف) | | (ب) |
|---|---|---|
| ۱۔مت مارو چیل کو | (a) | گھونسلے کو تباہ کردے گی |
| ۲۔غزل کے لغوی معنی | (b) | ورنہ تم پر حملہ کردے گی |
| ۳۔رگھوپتی سہائے | (c) | عورتوں سے باتیں کرنا |
| ۴۔غم سے نجات | (d) | خواجہ میر دردؔ |
| ۵۔تصوف کے شاعر | (e) | رنج سے چھٹکارا |
| | (f) | فراقؔ |

جواب: (۱) b (۲) c (۳) f (۴) e (۵) d

سوال۔6 بابا نور نے لڑکی کو کیا دعائیں دیں اور کب دیں؟ 2

یا۔

الیکشن کا نتیجہ دیکھ کر مصنف کو کیا یاد آیا؟

سوال۔7 مصنف کے زمانے میں تعلیم کی کون سی ڈگری بڑی سمجھی جاتی تھی؟ 2

یا۔

حکیم صاحب اپنی کمائی کہاں خرچ کرتے تھے؟

سوال۔8 وقت کی تلافی کیوں ممکن نہیں ہے؟ 2

یا۔

دعوت میں کچھ میزبان کس طرح خاطر کرتے ہیں؟

نوٹ: درج ذیل اقتباس کو پڑھ کر نیچے لکھے سوال نمبر 9،10،11 کے جواب دیجئے۔

بعض دعوتوں میں عجیب قسم کے بدتمیزوں سے سابقہ پڑتا ہے۔ بعض تو کھانا نہیں کھاتے، منہ میں جوتیاں چٹخاتے ہیں۔ کچھ ایسے ہیں جو سالن میں انگلیاں ڈبو دیں گے۔ منہ میں لقمے کی پذیرائی اس طور پر کریں گے جیسے کہ سرکس کے گھوڑے کو چابک لگا رہے ہوں۔ کچھ ایسے ہوتے ہیں جو بدحواس ہو کر بہت زیادہ حصہ پلیٹ میں لے لیں گے۔ تھوڑا کھائیں گے اور بقیہ گھنگول کر رکھ دیں گے۔

سوال۔9 درج بالا اقتباس کے سبق اور مصنف کا نام لکھئے۔ 2

سوال۔10 مصنف کا بدتمیز لوگوں سے سابقہ کس جگہ پڑتا ہے؟ 2

سوال۔11 بدتمیز لوگ انگلیاں کہاں ڈبو دیتے ہیں؟ 2

سوال۔12 مطالعہ کے کیا طریقے اختیار کرنا چاہیے؟ 4

یا۔

بابا نور کا حلیہ اپنے الفاظ میں بیان کیجئے۔

سوال۔13 درج ذیل میں سے کسی ایک مصنف کی سوانح لکھئے۔ 4

(۱)احمد ندیم قاسمی (۲)بھیشم ساہنی (۳)رشید احمد صدیقی

سوال۔14 درج ذیل میں سے کسی دو اشعار کی تشریح لکھئے۔ 4

۱۔ عالم نہ پوچھیے جو ہمارا ہے آج کل
کشتی بھنور میں دور کنارہ ہے آج کل

۲۔ آنکھوں میں جو بات ہو گئی ہے
اک شرح حیات ہو گئی ہے

۳۔ دل گیا رونق حیات گئی
غم گیا ساری کائنات گئی

سوال۔15 آج کل شاعر کا گزارا کس پر ہے؟ 2

یا۔

شاعر نے بیمار کی رات کسے کہا ہے؟

سوال۔16 شعار زیست سے کیا سمجھتے ہو؟ 2

یا۔

شاعر نے شان کی زندگی کسے کہا ہے؟

سوال۔17 شاعر نے جگنو کو "ہیرا" کیوں کہا ہے؟ 2

یا۔

ریل، اسٹیشن سے کس وقت روانہ ہوئی؟

سوال۔18 درج ذیل بند میں سے کسی ایک بند کی تشریح مع حوالہ لکھئے۔ 4

۱۔ دنیا بھی عجب سرائے فانی دیکھی
ہر چیز یہاں کی آنی جانی دیکھی
جو آ کے نہ جائے وہ بڑھاپا دیکھا
جو جا کے نہ آئے وہ جوانی دیکھی

۲۔ ہمراہ اپنے بن کو مجھے ناتھ لے چلو
ریکھا تمہارے چرنوں کی ہوں ساتھ لے چلو
نازک ہے میرا شیشۂ دل ٹوٹ جائے گا
چھوٹا تمہارا ساتھ تو جی چھوٹ جائے گا

سوال۔19 سوالنامہ میں بند کو چھوڑ کر اپنی درسی کتاب سے کسی نظم کی چار (4) لائن لکھئے۔ 4

سوال۔20 رام داس کی کیا خوبیاں بتائی گئی ہیں؟ 2

یا۔

اردو کی تہذیبی جڑوں کی تلاش کن بنیادوں پر کی جاسکتی ہے؟

سوال۔21 راہ گیر رام داس کے پاس بیٹھ کر کیا کرتے تھے؟ 2

یا۔

اردو میں کن کن زبانوں کے اثرات پائے جاتے ہیں؟

سوال۔22 درج ذیل رموزِ اوقاف کی علامت کے نام لکھئے۔ 2

[!]_____ [( )]_____ [؛]_____ [،]_____

یا۔

درج ذیل الفاظ کے مذکر اور مؤنث لکھئے۔

لڑکا گائے بکری عورت

سوال۔23 درج ذیل الفاظ کے واحد/جمع لکھئے۔ (کوئی چار) 2

وقت ، مدارس ، مرض ، تواریخ ، فائدہ ، تعلیم ، انتظامات ، خبر

یا۔

درج ذیل الفاظ میں سے کسی چار الفاظ کے متضاد لکھئے۔

دوستی ، پسند ، قریب ، داخل ، برباد ، نرم ، خوش اخلاق ، بدصورت

سوال۔24 حروف کی کتنی قسمیں ہوتی ہیں؟ نام لکھئے۔ 4

یا۔

محاورہ کی تعریف مع مثال کے لکھئے۔

سوال۔25 ''تضاد'' کی تعریف لکھئے۔ 5

یا۔

درج ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے۔(کوئی پانچ)

۱۔سبز باغ دکھانا ۲۔منہ میں پانی بھرنا ۳۔ناک کٹنا ۴۔پانی پانی ہونا ۵۔کان بھرنا ۶۔دانتوں تلے انگلی دبانا

سوال۔26 ضروری اطلاع دیتے ہوئے اپنے پرنسپل صاحب کو تین دن کی چھٹی کی درخواست لکھئے۔ 5

یا۔

اپنے بھائی کی شادی میں شرکت کے لیے اپنے دوست / سہیلی کو ایک خط لکھئے۔

سوال۔27 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر تقریباً300 الفاظ میں مضمون لکھئے۔ 10

۱۔میرا محبوب مشغلہ ۲۔پسندیدہ کھیل ۳۔صفائی نصف ایمان ہے

۴۔سائنس کی ہماری زندگی میں اہمیت ۵۔قومی تہوار

سوال۔28 درج ذیل غیر درسی عبارت کو پڑھ کر نیچے پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھئے۔ 5

قدرت نے کائنات کی ہر شے کو ایک مخصوص مقدار اور تناسب میں رکھا ہے۔لیکن انسان نے اپنی ضروریات، عیش وعشرت اور خواہشات نفسانی کی تسکین کے لیے اس قدرتی نظام کے توازن کو خراب کر دیا ہے۔جس کے نتائج بھی وقتاً فوقتاً سیلاب، زلزلہ، طوفان، شدید گرمی، مختلف امراض و وباء کی شکل میں انسان کو ہی بھگتنا پڑتے ہیں۔نتیجۃً انسان کو ہلاکت و بربادی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔اس لیے ہمیں تمام قدرتی وسائل کا استعمال ماحول کو نقصان پہنچائے بغیر کرنا چاہیے۔ماحول کو آلودگی سے بچانے کے لیے اور عوام میں بیداری لانے کے لیے ہر سال 5 جون کو ''بین الاقوامی یوم ماحولیات'' منایا جاتا ہے۔

سوالات: ۱۔ قدرت نے کائنات کی ہر شے کو کس طرح رکھا ہے؟

۲۔ انسان نے قدرتی نظام کے توازن کو کیوں خراب کر دیا؟

۳۔ ہمیں قدرتی وسائل کا استعمال کس طرح کرنا چاہیے؟

۴۔ قدرتی توازن کو بگڑنے سے انسان کو کن چیزوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟

۵۔ ''بین الاقوامی یوم ماحولیات'' کب منایا جاتا ہے؟

..........☆..........